سوال

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سینگی لگوانا کسے کہتے ہیں۔؟ حدیث میں یہ لفظ بار بار آتا ہے، اس کے کیا فائدے ہیں، اور اگر موجودہ زمانے میں سینگی لگانا ہو تو کس طرح کرنا ہوگا۔؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جسم سے فاسد خون کا اخراج کروانا سینگی لگوانا کہلاتا ہے۔ جسم سے فاسد خون کا اخراج بذات خود بیماریوں سے بچاو کی ایک عمدہ تدبیر ہے اور اس سے انسان خون سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے کسی قدر محفوظ رہتا ہے۔ جسم سے اس فاسد خون کے اخراج کے لیے کچھ مخصوص آلات استعمال کرتے ہیں اور اس فن کے ماہرین ہوتے ہیں جو یہ خون جسم سے نکالتے ہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے

حدیث

جلد 2 کتاب الصلوۃ